# کلاس: 10th

# مضمون: مطالعہ پاکستان

# باب 6: آبادی، معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت

## اہم کثیر الانتخابی سوالات:

**(1) بشری شماریات کا تعلق ہے:**

(الف) صنعتی ترقی سے

**(ب)** آبادی کے شماریاتی تجزیہ سے ✅

(ج) سیاسی حالات سے

(د) قدرتی وسائل سے

**(2) 2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی ہے:**

(الف) 220.3 ملین

(ب) 231.1 ملین

**(ج)** 241.4 ملین ✅

(د) 251.0 ملین

**(3) پاکستان میں آبادی میں سالانہ اضافہ کی شرح ہے:**

(الف) 2.25 فی صد

(ب) 2.40 فی صد

**(ج)** 2.55 فی صد ✅

StudyNotes360.com

(د) 3.00 فی صد

**(4) پاکستان کا سب سے زیادہ آبادی والا صوبہ ہے:**

(الف) سندھ

(ب) خیبر پختونخوا

(ج) بلوچستان

**(د) پنجاب ✅**

**(5) 2023ء کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں کی آبادی ہے:**

(الف) 85.3 ملین

**(ب) 93.7 ملین ✅**

(ج) 147.7 ملین

(د) 100.1 ملین

**(6) بشری شماریات کا آغاز کیا:**

(الف) ابن رشد

**(ب) ابن خلدون ✅**

(ج) رازی

(د) البیرونی

**(7) پاکستان میں مردوں کی آبادی کا تناسب ہے:**

(الف) 49 فی صد

StudyNotes360.com

(ب) 50 فی صد

**(ج)** 51 فی صد ✅

(د) 52 فی صد

**(8) شہری علاقوں کا انتظام ہوتا ہے:**

(الف) یونین کونسل کے تحت

(ب) ضلع کونسل کے تحت

**(ج)** میونسپل اور کنٹونمنٹ بورڈ کے تحت ✅

(د) تحصیل کونسل کے تحت

**(9) صنفی امتیاز کا مطلب ہے:**

(الف) طبقاتی فرق

(ب) پیشہ ورانہ فرق

**(ج)** جنس کی بنیاد پر تفریق ✅

(د) زبان کی بنیاد پر فرق

**(10) پاکستان میں خواتین کن شعبوں میں کام کر رہی ہیں؟**

(الف) صرف طب

(ب) صرف تدریس

(ج) صرف سیاست

**(د)** تمام شعبوں میں ✅

StudyNotes360.com

**(11) سوسائٹی (Society) کا ماخذ لاطینی زبان کا کون سا لفظ ہے؟**

(الف) Cultura

(ب) Civitas

(ج) Socius ✅

(د) Religio

**(12) معاشرہ کس زبان کے لفظ "سوسائٹی" کا ترجمہ ہے؟**

(الف) اردو

(ب) فارسی

(ج) انگریزی ✅

(د) عربی

**(13) درج ذیل میں سے کون سی چیز ثقافت میں شامل نہیں ہے؟**

(الف) لباس

(ب) زبان

(ج) سڑکیں ✅

(د) مذہب

**(14) پاکستانی ثقافت کی بنیاد ہے:**

(الف) مغربی تعلیمات

(ب) ہندو روایات

StudyNotes360.com

**(ج)** اسلامی تعلیمات ✅

(د) یورپی اقدار

**(15) پاکستانی معاشرے میں کون سی چیز اہمیت نہیں رکھتی؟**

(الف) ذات

(ب) رنگ

(ج) نسل

**(د)** یہ سب ✅

**(16) مشترکہ خاندان میں بچوں اور بزرگوں کے ساتھ سلوک کیسا ہوتا ہے؟**

(الف) نافرمانی

**(ب)** عزت و احترام ✅

(ج) بے توجہی

(د) سختی

**(17) پاکستانی معاشرے میں خاندانی نظام کی نوعیت ہے:**

(الف) مغربی

(ب) انفرادی

**(ج)** مشترکہ ✅

(د) روایتی

**(18) بچہ پیدا ہوتے ہی سب سے پہلا عمل کیا کیا جاتا ہے؟**

StudyNotes360.com

(الف) عقیقہ

(ب) غسل

**(ج)** اذان ✅

(د) دعا

**(19) اقلیتوں کو پاکستان میں اپنی مذہبی آزادی حاصل ہے؟**

(الف) نہیں

**(ب)** ہاں ✅

(ج) کچھ حد تک

(د) کبھی کبھار

**(20) پاکستان کا قومی لباس ہے:**

(الف) دھوتی

**(ب)** شلوار قمیص ✅

(ج) کرتا پاجامہ

(د) جینز شرٹ

**(21) پولو کا کھیل خاص طور پر کہاں مشہور ہے؟**

(الف) لاہور

**(ب)** چترال ✅

(ج) کوئٹہ

StudyNotes360.com

(د) کراچی

**(22) میلا چراغاں منایا جاتا ہے:**

(الف) حضرت شاہ رکن عالم کے مزار پر

(ب) حضرت داتا گنج بخش کے مزار پر

**(ج)** حضرت مادھو لال حسین کے مزار پر ✅

(د) حضرت سخی سرور کے مزار پر

**(23) پاکستانی ثقافت میں بچوں کو کیا سکھایا جاتا ہے؟**

(الف) نافرمانی

**(ب)** بزرگوں کا ادب ✅

(ج) آزادی

(د) بحث مباحثہ

**(24) پاکستانی معاشرے میں کون سی زبان رابطے کے لیے استعمال ہوتی ہے؟**

(الف) پنجابی

**(ب)** اردو ✅

(ج) انگریزی

(د) پشتو

**(25) پاکستانی معاشرے میں مذہب کی حیثیت کیا ہے؟**

(الف) کوئی حیثیت نہیں

StudyNotes360.com

(ب) ذاتی معاملہ

**(ج) بنیادی حیثیت** ✅

(د) صرف عبادات تک محدود

**(26) پاکستان کی کتنی آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے؟**

(الف) ایک چوتھائی

**(ب) ایک تہائی** ✅

(ج) نصف

(د) دو تہائی

**(27) غربت اور بے روزگاری کا ایک بڑا منفی اثر کیا ہوتا ہے؟**

(الف) شرح خواندگی میں اضافہ

(ب) ماحولیاتی آلودگی

**(ج) جرائم میں اضافہ** ✅

(د) آبادی میں کمی

**(28) بے روزگاری کے مسئلے کے حل کے لیے کون سا قدم مؤثر ہو سکتا ہے؟**

(الف) ٹیکس میں اضافہ

(ب) فیکٹریوں کا خاتمہ

**(ج) آسان قرضے** ✅

(د) درآمدات میں کمی

StudyNotes360.com

**(29) پاکستان میں کم شرح خواندگی کی ایک بڑی وجہ کیا ہے؟**

(الف) بہت زیادہ اسکول

(ب) وسائل کی زیادتی

(ج) بنیادی تعلیم کی کمی ✅

(د) غیر ملکی زبانیں

**(30) پاکستان میں شرح خواندگی تقریباً کتنی ہے؟**

(الف) 45%

(ب) 52.3%

(ج) 62.8% ✅

(د) 70.5%

**(31) صحت کے مسائل میں سے ایک بڑا مسئلہ کیا ہے؟**

(الف) زیادہ اسپتال

(ب) صحت مند خوراک

(ج) بنیادی سہولیات کی کمی ✅

(د) تربیت یافتہ عملہ

**(32) دیہاتی علاقوں میں دوران زچگی اموات کی شرح کیوں زیادہ ہے؟**

(الف) پانی کی قلت

(ب) زراعت کی کمی

StudyNotes360.com

**(ج)** مناسب علاج کی عدم دستیابی ✅

(د) شہروں کی ہجرت

**(33) بڑھتی ہوئی آبادی سے کون سا مسئلہ جنم لیتا ہے؟**

**(الف)** کم خوراک ✅

(ب) زیادہ ملازمتیں

(ج) تعلیمی ترقی

(د) سیاسی استحکام

**(34) پاکستان میں ابتدائی تعلیم کے درجے میں کون شامل ہے؟**

(الف) یونیورسٹی

(ب) کالج

**(ج)** پرائمری اور ایلیمنٹری ✅

(د) پوسٹ گریجویشن

**(35) اعلیٰ ثانوی تعلیم میں کتنے سال ہوتے ہیں؟**

(الف) 1

**(ب)** 2 ✅

(ج) 3

(د) 4

**(36) یونیورسٹی سطح کی تعلیم کے بعد کون سی تعلیم حاصل کی جاتی ہے؟**

StudyNotes360.com

(الف) مڈل

(ب) ہائی اسکول

(ج) M.Phil اور Ph.D ✅

(د) ثانوی

**(37) تعلیمی نظام کا ایک اہم مسئلہ کیا ہے؟**

(الف) لائبریری کی زیادتی

(ب) تدریسی مواد کی بھرمار

**(ج)** ناقص امتحانی نظام ✅

(د) مفت تعلیم کی زیادتی

**(38) ہم نصابی سرگرمیوں کی کمی کا کیا اثر ہوتا ہے؟**

(الف) تعلیمی کارکردگی میں اضافہ

(ب) جرائم میں کمی

**(ج)** باصلاحیت طلبہ کی ترقی رک جاتی ہے ✅

(د) خواندگی بڑھتی ہے

**(39) تدریسی سازوسامان کی کمی کا مطلب ہے؟**

(الف) بجلی کی کمی

(ب) ہاسٹلز کی کمی

**(ج)** لائبریری اور لیبارٹری کی غیر موجودگی ✅

StudyNotes360.com

(د) غیر نصابی سرگرمیوں کی کمی

**(40) طلبہ کے لیے مضامین کا غیر موزوں انتخاب کس چیز کا باعث بنتا ہے؟**

(الف) تعلیمی ترقی

**(ب)** ذہنی دباؤ ✅

(ج) امتحانی شفافیت

(د) ملازمت کے مواقع

**(41) پاکستان میں صحت کے شعبے کے لیے سالانہ بجٹ کا تقریباً کتنے فیصد حصہ مختص کیا جاتا ہے؟**

(الف) 5 فیصد

(ب) 3 فیصد

**(ج)** 1 فیصد ✅

(د) 10 فیصد

**(42) پاکستان میں اوسط عمر کتنی ہے؟**

**(الف)** 67.3 سال ✅

(ب) 70 سال

(ج) 65 سال

(د) 72 سال

**(43) پاکستان میں صحت کی خدمات فراہم کرنے والے بنیادی ادارے کون سے ہیں؟**

(الف) نجی کلینکس

StudyNotes360.com

(ب) ہسپتال اور ڈسپنسریاں

**(ج)** رورل ہیلتھ سینٹرز اور بنیادی صحت کے مراکز ✅

(د) فارمیسیز

**(44) پاکستان میں صحت کے شعبے کا انتظام کون کرتا ہے؟**

(الف) وزیر صحت

(ب) سیکرٹری صحت

(ج) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز

**(د)** وزیر صحت اور سیکرٹری صحت دونوں ✅

**(45) لیڈی ہیلتھ وزیٹرز کہاں کام کرتی ہیں؟**

(الف) شہروں کے ہسپتالوں میں

**(ب)** گاؤں کی سطح پر ✅

(ج) میڈیکل کالجوں میں

(د) نیشنل ہیلتھ ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں

**(46) ہر ضلعے میں صحت کی کون سی انتظامی اتھارٹی قائم ہے؟**

**(الف)** ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ✅

(ب) نیشنل ہیلتھ اتھارٹی

(ج) ہیلتھ کمیشن

(د) میڈیکل بورڈ

StudyNotes360.com

**(47) صحت کے شعبے کو درپیش ایک بڑا مسئلہ کیا ہے؟**

(الف) زیادہ بجٹ

**(ب)** آبادی میں اضافہ کے مقابلے میں طبی وسائل کی کمی ✅

(ج) بیماریوں کی کمی

(د) حفظان صحت کے اصولوں کی مکمل پابندی

**(48) صحت مند معاشرے کی تشکیل میں سب سے بڑی رکاوٹ کیا ہے؟**

(الف) زیادہ اسپتالوں کی تعداد

**(ب)** حفظان صحت کے اصولوں کا نہ اپنانا ✅

(ج) میڈیکل کالجز کی کمی

(د) بیماریوں کا نہ ہونا

**(49) پاکستان میں صحت کی بہتری کے لیے حکومت نے کون سے اقدامات کیے ہیں؟**

(الف) صرف میڈیکل کالجز کا قیام

**(ب)** نیشنل ہیلتھ ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ہسپتالوں کا قیام، اور پوسٹ گریجویشن سہولیات ✅

(ج) صرف فیلڈ ہسپتالوں کا قیام

(د) صرف کمپیوٹرز کا بندوبست

**(50) صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے حکومت کو کیا کرنا چاہیے؟**

**(الف)** آبادی کو کنٹرول کرنا اور صحت کے بجٹ میں اضافہ کرنا ✅

(ب) تعلیمی بجٹ بڑھانا

StudyNotes360.com

(ج) صرف شہری علاقوں میں ہسپتال بنانا

(د) مہنگے علاج کو فروغ دینا

**(51) پاکستان میں بلند ترین پہاڑوں میں سے ایک جو سیاحوں کو اپنی طرف کھینچتا ہے، وہ کون سا ہے؟**

(الف) ہندو کش

**(ب)** نانگا پربت ✅

(ج) کوہِ ہمالیہ

(د) کوہِ چلتن

**(52) مذہبی سیاحت کے لیے مشہور مقام "کرتار پور صاحب" کس ضلع میں واقع ہے؟**

(الف) ننکانہ صاحب

(ب) لاہور

**(ج)** نارووال ✅

(د) اٹک

**(53) حکومت پاکستان نے سیاحت کے فروغ کے لیے ویزا کے نظام میں کیا تبدیلی کی؟**

(الف) ویزا کو ختم کر دیا گیا

(ب) ویزا کے عمل کو سخت بنایا گیا

**(ج)** ویزا کا عمل آسان اور تیز بنایا گیا ✅

(د) صرف پاکستانی سیاحوں کو اجازت دی گئی

**(54) قدرتی مناظر سے بھرپور سیاحتی مقام "فیری میڈوز" کس پہاڑ کے قریب واقع ہے؟**

StudyNotes360.com

(الف) کوہِ ہندوکش

**(ب)** نانگا پربت ✅

(ج) سکردو

(د) مری

**(55) سیاحت کی پسماندگی کی ایک بڑی وجہ کیا ہے؟**

(الف) موسم کی خرابی

(ب) تعلیم کی کمی

**(ج)** بین الاقوامی سیاحوں کی کم تعداد ✅

(د) داخلی پروازوں کی کمی

**(56) "موہن جو دڑو" کس نوعیت کا مقام ہے؟**

(الف) مذہبی

(ب) قدرتی

**(ج)** تاریخی ✅

(د) صنعتی

**(57) بین المذاہب ہم آہنگی کا ایک روشن تاریخی نمونہ کون سا معاہدہ ہے؟**

(الف) صلح حدیبیہ

**(ب)** میثاقِ مدینہ ✅

(ج) فتح مکہ

StudyNotes360.com

(د) حلف الفضول

**(58) پاکستان کے آئین کے مطابق اقلیتوں کو کیا آزادی حاصل ہے؟**

(الف) مذہب تبدیل کرنے کی

**(ب)** اپنی مذہبی رسومات ادا کرنے کی ✅

(ج) تبلیغ کرنے کی اجازت نہیں

(د) صرف مخصوص علاقوں میں عبادت کی اجازت

**(59) سیاحتی مقامات پر عوام کی ایک ذمہ داری کیا ہے؟**

(الف) سیاحوں کو روکنا

(ب) کوڑا کرکٹ پھینکنا

(ج) قوانین کی خلاف ورزی

**(د)** سہولیات کو نقصان نہ پہنچانا ✅

**(60) حکومت پاکستان نے کس مقصد کے لیے ترکی، ازبکستان اور نیپال سے مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے؟**

(الف) تجارت

(ب) دفاع

**(ج)** سیاحت کے فروغ کے لیے ✅

(د) تعلیم کے تبادلے کے لیے

**(61) پاکستان کے مختلف علاقوں میں رہنے والے لوگ ایک دوسرے سے جڑے ہونے کا شعور رکھتے ہیں، اس سے کیا پیدا ہوتا ہے؟**

StudyNotes360.com

(الف) تعصب

(ب) فرقہ واریت

**(ج) قومی یکجہتی ✅**

(د) نفرت

**(62) پاکستان کے ثقافتی ورثے پر کس مذہب کی اقدار کے اثرات ہیں؟**

(الف) ہندو مذہب

(ب) بدھ مت

(ج) عیسائیت

(د) اسلام ✅

**(63) اردو زبان کا مطلب کیا ہے؟**

(الف) علم

**(ب) لشکر ✅**

(ج) محبت

(د) سلطنت

**(64) اردو زبان کا رسم الخط کون سا ہے؟**

(الف) دیوناگری

(ب) عربی

**(ج) نستعلیق ✅**

StudyNotes360.com

(د) سنسکرت

**(65) اردو کے پہلے نمایاں غزل گو شاعر کون تھے؟**

(الف) غالب

(ب) میر

**(ج) ولی دکنی ✅**

(د) اقبال

**(66) پنجابی زبان کے معیاری لہجے کا نام کیا ہے؟**

(الف) پوٹھواری

(ب) شاہ پوری

(ج) ماہی

**(د) ماجھی ✅**

**(67) سندھی زبان میں قرآن کا ترجمہ سب سے پہلے کب کیا گیا؟**

(الف) 18ویں صدی

(ب) 20ویں صدی

**(ج) اسلامی دور میں ✅**

(د) یہ پہلا ترجمہ تھا

**(68) پشتو کی قدیم ترین شاعری کی کتاب کا نام کیا ہے؟**

(الف) خزانہ

StudyNotes360.com

**(ب)** پہ خزانہ ✅

(ج) داستان پشتو

(د) لوک گیت

**(69) پنجابی زبان میں قصہ "ہیر" کے مصنف کون ہیں؟**

(الف) ہاشم شاہ

(ب) میاں محمد بخش

**(ج)** وارث شاہ ✅

(د) فضل شاہ

**(70) بلوچی ادب کے فروغ کے لیے 1959 میں کون سی اکیڈمی قائم کی گئی؟**

(الف) بلوچ ادب مرکز

(ب) بلوچستان آرٹ فورم

**(ج)** بلوچ اکیڈمی ✅

(د) رائٹرز ایسوسی ایشن

**(71) اردو زبان کو پاکستان میں کس حیثیت سے اپنایا گیا؟**

(الف) صوبائی زبان

(ب) رسمی زبان

**(ج)** قومی زبان ✅

(د) تعلیمی زبان

StudyNotes360.com

**(72) پنجابی ادب میں صوفی شعرا میں سے کون مشہور نہیں ہے؟**

(الف) بابا بلھے شاہ

(ب) شاہ حسین

(ج) سلطان باہو

**(د)** علامہ اقبال ✅

**(73) "اپہ" اور "چار بیتہ" کس زبان کے لوک گیت ہیں؟**

(الف) سندھی

(ب) پنجابی

**(ج)** پشتو ✅

(د) بلوچی

**(74) اردو ادب کے بابائے اردو کسے کہا جاتا ہے؟**

(الف) سر سید احمد خاں

(ب) الطاف حسین حالی

**(ج)** مولوی عبدالحق ✅

(د) شبلی نعمانی

**(75) شاہ عبداللطیف بھٹائی اور سچل سرمست کس زبان کے عظیم شاعر ہیں؟**

(الف) بلوچی

(ب) پنجابی

StudyNotes360.com

**(ج)** سندھی ✅

(د) پشتو

**(76) شینا زبان کہاں سے کہاں تک بولی جاتی ہے؟**

(الف) قلات سے کوئٹہ تک

**(ب)** کوہستان سے بلتستان تک ✅

(ج) چترال سے ہنزہ تک

(د) لاہور سے پشاور تک

**(77) بلتی زبان بنیادی طور پر کس علاقے میں بولی جاتی ہے؟**

(الف) وادی یاسین

**(ب)** بلتستان ✅

(ج) کوہستان

(د) آزاد کشمیر

**(78) وخی زبان پاکستان کے کس صوبے میں بولی جاتی ہے؟**

(الف) سندھ

(ب) بلوچستان

**(ج)** گلگت بلتستان ✅

(د) پنجاب

**(79) بروشسکی زبان گلگت بلتستان کے کن علاقوں میں بولی جاتی ہے؟**

StudyNotes360.com

(الف) خضدار اور تربت

**(ب)** نگر، ہنزہ، یاسین ✅

(ج) پشاور، مردان

(د) چترال، کوہستان

**(80) براہوی زبان کی مشابہت کس قوم کی زبان سے ہے؟**

(الف) عرب

**(ب)** دراوڑی ✅

(ج) آریائی

(د) افغانی

**(81) براہوی زبان بلوچستان کے کن شہروں میں بولی جاتی ہے؟**

(الف) کوہاٹ، ایبٹ آباد

**(ب)** کوئٹہ، قلات، خضدار ✅

(ج) کراچی، حیدرآباد

(د) اسلام آباد، راولپنڈی

**(82) براہوی زبان کا معروف لوک ادب کون سا ہے؟**

(الف) سسی پنوں

**(ب)** لیلیٰ مور ✅

(ج) ہیر رانجھا

StudyNotes360.com

(د) سوہنی مہینوال

**(83) ہندکو زبان خیبر پختونخوا کے کن اضلاع میں بولی جاتی ہے؟**

**(الف)** ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور ✅

(ب) سوات، دیر، چترال

(ج) پشاور، کوئٹہ، گوادر

(د) خضدار، ژوب، لورالائی

**(84) گندھارا ہندکو اکیڈمی کس ادارے کے تحت قائم ہوئی؟**

(الف) پنجاب یونیورسٹی

**(ب)** خیبر پختونخوا حکومت ✅

(ج) وفاقی وزارت تعلیم

(د) سندھ حکومت

**(85) گوجری زبان بنیادی طور پر کس خطے میں بولی جاتی ہے؟**

(الف) بلوچستان

**(ب)** جموں و کشمیر ✅

(ج) گلگت بلتستان

(د) فاٹا

**(86) گوجری ادب میں زیادہ تر کس نوعیت کا کلام ہے؟**

(الف) مزاحیہ

StudyNotes360.com

**(ب)** صوفیانہ ✅

(ج) رزمیہ

(د) تاریخی

**(87) گوجری زبان پر کن زبانوں کے اثرات نمایاں ہیں؟**

(الف) چینی و انگریزی

**(ب)** عربی و فارسی ✅

(ج) اردو و پنجابی

(د) پشتو و براہوی

**(88) قائداعظم نے اقلیتوں کو کیا ضمانت دی؟**

(الف) صرف تعلیم کی سہولت

(ب) فوج میں شمولیت

**(ج)** مکمل مذہبی آزادی ✅

(د) مخصوص علاقوں میں رہائش

**(89) جسٹس اے آر کارنیلیئس نے کس اہم دستاویز کی تدوین میں کردار ادا کیا؟**

(الف) 1962 کا آئین

(ب) 1956 کا آئین

**(ج)** 1973 کا آئین ✅

(د) قرارداد مقاصد

StudyNotes360.com

**(90) پاکستانی فوج میں اقلیتوں کا کردار کیسا رہا ہے؟**

(الف) محدود

(ب) غیر واضح

**(ج) نمایاں** ✅

(د) متنازع

## مشقی مختصر سوالات:

**(i) پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔**

**جواب:**

1. تعلیمی اداروں کی کمی اور ناقص معیار
2. دیہی اور شہری علاقوں میں تعلیم کی عدم مساوات
3. اساتذہ کی کمی اور تربیت کی کمی
4. صنفی امتیاز (لڑکیوں کی تعلیم میں کمی)
5. تعلیمی بجٹ کی کمی

**(ii) صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔**

**جواب:**

صنفی امتیاز سے مراد جنس کی بنیاد پر لڑکوں اور لڑکیوں کے درمیان غیر منصفانہ سلوک کرنا ہے، جیسے لڑکیوں کو تعلیم یا مواقع کم دینا۔

**(iii) ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

StudyNotes360.com

ہم نصابی سرگرمیاں وہ تعلیمی سرگرمیاں ہیں جو نصاب کے علاوہ طلبہ کی صلاحیتوں اور دلچسپیوں کو بڑھاتی ہیں، جیسے کھیل، تقریری مقابلے، ڈرامے، اور سائنسی میلے۔

**(iv) کوئی سے تین پنجابی شعرا کے نام لکھیں۔**

**جواب:**

1. وارث شاہ

2. بلھے شاہ

3. شاہ حسین

**(v) آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے؟**

**جواب:**

- خاندانی منصوبہ بندی کو فروغ دے کر
- تعلیم کو عام کر کے
- وسائل کا مؤثر استعمال کر کے
- اقتصادی ترقی کو یقینی بنا کر
- ماحول کی حفاظت کر کے

StudyNotes360.com

**(vi) آبادیات یا بشری شماریات سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

آبادیات سے مراد انسانی آبادی کی تعداد، تقسیم، ساخت اور ان کے مختلف پہلوؤں کا مطالعہ ہے۔

**(7) 2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں رہتی ہے؟**

**جواب:**

2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی کل آبادی کا تقریباً 37 فیصد شہری علاقوں میں اور 63 فیصد دیہی علاقوں میں رہتا ہے۔

**(viii) شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

شہری علاقے وہ علاقے ہوتے ہیں جہاں آبادی زیادہ گنجان اور منظم ہوتی ہے، جیسے شہر اور بڑے قصبے، جہاں سہولیات اور انفراسٹرکچر موجود ہوتا ہے۔

**(ix) مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں۔**

**جواب:**

مشترکہ خاندانی نظام میں کئی نسلیں ایک ساتھ ایک گھر یا زمین پر رہتی ہیں، جہاں سب افراد ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور وسائل مشترکہ استعمال ہوتے ہیں۔

**(x) اقلیتی طبقوں کے دو مذہبی تہواروں کے نام لکھیں۔**

**جواب:**

1. کرسمس
2. دیوالی

**(xi) پاکستان کے چار سیاحتی مقامات کے نام تحریر کریں۔**

**جواب:**

1. مری
2. ناران
3. سکردو
4. لاہور کا بادشاہی مسجد

StudyNotes360.com

**(xii) پاکستان میں غربت کے چار اسباب لکھیں۔**

**جواب:**

1. بے روزگاری

2. تعلیم کی کمی

3. وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم

4. معاشی ناانصافی

## اہم مختصر سوالات:

**1. آبادی سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

آبادی سے مراد کسی ملک، علاقے یا جگہ پر موجود لوگوں کی تعداد ہوتی ہے۔ جیسے اگر آپ کے گھر میں 4 افراد ہیں تو آپ کے گھر کی آبادی 4 افراد پر مشتمل ہوگی۔

**2. آبادیات (Demography) کیا ہے اور اس میں کون سے موضوعات شامل ہوتے ہیں؟**

**جواب:**

آبادیات یا بشری شماریات ایک ایسا مضمون ہے جس میں انسانی آبادی کا شماریاتی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ اس میں شرح پیدائش، شرح اموات، ہجرت، بیماریوں، آبادی کی تقسیم اور دیگر عوامل کا مطالعہ شامل ہوتا ہے۔

**3. پاکستان کی آبادی کی سالانہ اضافہ کی شرح کیا ہے؟**

**جواب:**

StudyNotes360.com

2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی 241.4 ملین سے زائد ہو چکی ہے اور اس کی سالانہ اضافہ کی شرح تقریباً 2.55 فیصد ہے، جس کی وجہ سے پاکستان گنجان آباد ممالک میں شمار ہوتا ہے۔

**4. پاکستان کے سب سے زیادہ آبادی والے صوبے کا نام کیا ہے؟**

**جواب:**

پاکستان کے سب سے زیادہ آبادی والے صوبے کا نام پنجاب ہے، جہاں ملک کی کل آبادی کا تقریباً 53 فیصد حصہ آباد ہے۔

**5. شہری اور دیہی آبادی کی تقسیم کیسے کی جاتی ہے؟**

**جواب:**

شہری آبادی وہ ہوتی ہے جو میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ کے تحت رہتی ہے، جبکہ دیہی آبادی وہ ہے جو گاؤں یا چھوٹے علاقوں میں آباد ہوتی ہے۔ 2023ء میں پاکستان میں تقریباً 93.7 ملین شہری اور 147.7 ملین دیہی آبادی ہے۔

**6. پاکستان میں مردوں اور عورتوں کی آبادی میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:**

پاکستان میں مرد کل آبادی کا تقریباً 51 فیصد اور خواتین کا 49 فیصد حصہ ہیں۔ مردوں کی پیدائش کی شرح عورتوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

**7. صنفی امتیاز سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

صنفی امتیاز سے مراد مردوں اور عورتوں کے درمیان جنس کی بنیاد پر فرق اور عدم مساوات ہے، جس میں بعض مواقع یا حقوق میں غیر منصفانہ رویہ شامل ہوتا ہے۔

**8. پاکستان میں عورتوں کے معاشرتی کردار میں حالیہ تبدیلیوں کی وضاحت کریں۔**

StudyNotes360.com

**جواب:**

پاکستان میں عورتوں کی تعلیم اور ملازمت کے مواقع میں اضافہ ہوا ہے۔ اب خواتین مختلف شعبوں جیسے وکالت، انجینئرنگ، سیاست، فوج اور میڈیا میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں جو کہ ماضی کے مقابلے میں ایک بڑی مثبت تبدیلی ہے۔

**9. پاکستانی معاشرے کی ثقافت کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟**

**جواب:**

پاکستانی معاشرہ مختلف زبانوں اور ثقافتوں کا مجموعہ ہے لیکن اسلامی تعلیمات کے باعث سب کو ایک مشترکہ ثقافت اور بھائی چارے کا جذبہ ملتا ہے۔ ثقافت میں عقائد، رسم و رواج، زبان، اور روایات شامل ہیں جو لوگوں کو جوڑتی ہیں۔

**10. مشترکہ خاندانی نظام پاکستان میں کیسا رائج ہے؟**

**جواب:**

پاکستان میں عام طور پر مشترکہ خاندانی نظام رائج ہے جہاں خاندان کے سربراہ مرد ہوتے ہیں اور گھر کی کفالت کی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ بزرگوں کو عزت دی جاتی ہے اور خواتین گھر کے کام اور بچوں کی تربیت کی ذمہ دار ہوتی ہیں۔

**11. پاکستان میں بچے کی ولادت کے موقع پر کون سی مذہبی رسومات ادا کی جاتی ہیں؟**

**جواب:**

بچے کی پیدائش کے فوراً بعد اس کے کان میں اذان دی جاتی ہے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مسلمان گھر میں پیدا ہونے کا علم حاصل کرے۔

**12. پاکستان میں مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کی کیا مثالیں ملتی ہیں؟**

**جواب:**

پاکستان میں مختلف مذاہب کے لوگ ایک دوسرے کی مذہبی رسومات کی عزت کرتے ہیں اور اقلیتوں کو اپنے مذہبی تہوار منانے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔

StudyNotes360.com

**13. پاکستانی لباس کی خصوصیات کیا ہیں؟**

**جواب:**

پاکستانی لباس سادہ، صاف ستھرا اور باوقار ہوتا ہے۔ قومی لباس شلوار قمیص ہے، جو ہر علاقے میں مردوں اور عورتوں میں مقبول ہے۔

**14. پاکستان میں عرس اور میلے کس مقصد سے منائے جاتے ہیں؟**

**جواب:**

عرس اور میلے بزرگانِ دین کی یاد میں اور فصلوں کی کٹائی کے موقع پر منائے جاتے ہیں، جن میں لوگ مذہبی اور ثقافتی تقریبات کرتے ہیں۔

**15. پاکستان میں کھیلوں کی کون سی ٹیمیں عالمی سطح پر معروف ہیں؟**

**جواب:**

پاکستان کی کرکٹ، ہاکی، کبڈی، سکوائش، سنوکر اور ٹینس ٹیمیں دنیا میں بہترین شمار ہوتی ہیں، اور خواتین بھی کھیلوں میں بھرپور حصہ لیتی ہیں۔

**16. پاکستان میں غربت اور بے روزگاری کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟**

**جواب:**

**غربت اور بے روزگاری سے معاشرے میں کئی برے اثرات پیدا ہوتے ہیں:**

- جرائم میں اضافہ
- نوجوانوں میں مایوسی
- تعلیمی اور صحت کی سہولیات کا فقدان
- سماجی ناانصافی
- گھریلو جھگڑے اور ذہنی دباؤ

**17. غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے حکومت کو کیا اقدامات کرنے چاہییں؟**

StudyNotes360.com

**جواب:**

- روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا
- نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے ٹیکنیکل ادارے قائم کرنا
- چھوٹے کاروبار کے لیے بلاسود قرضے دینا
- زراعت اور صنعت کو فروغ دینا
- دیہی علاقوں میں ترقیاتی منصوبے شروع کرنا

### 18. پاکستان میں شرح خواندگی کتنی ہے؟

**جواب:**

پاکستان میں موجودہ شرح خواندگی تقریباً 62.8 فیصد ہے، جو ترقی یافتہ ممالک کی شرح سے بہت کم ہے۔

### 19. کم شرح خواندگی کے کیا نقصانات ہیں؟

**جواب:**

- لوگوں میں شعور کی کمی
- غلط فیصلے اور غلط معلومات پر یقین
- ووٹنگ اور جمہوریت کے عمل میں کم شمولیت
- کم تربیت یافتہ افرادی قوت
- معیشت کی سست ترقی

### 20. پاکستان میں صحت کے مسائل میں سب سے زیادہ کس پہلو کو خطرہ لاحق ہے؟

**جواب:**

سب سے زیادہ خطرہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی کمی سے ہے، خاص طور پر:

- دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز اور ہسپتالوں کی قلت
- ناقص صفائی
- غذائی قلت
- بچوں اور ماؤں کی اموات میں اضافہ

StudyNotes360.com

**21. حکومت نے صحت کے شعبے میں کیا اقدامات کیے ہیں؟**

**جواب:**

- بنیادی مراکز صحت (BHUs) کا قیام
- حفاظتی ٹیکوں کا قومی پروگرام
- لیڈی ہیلتھ ورکرز کی تعیناتی
- مفت ادویات کی فراہمی
- نئے ہسپتالوں اور میڈیکل کالجز کا قیام

**22. آبادی میں اضافے سے کن مسائل میں اضافہ ہوتا ہے؟**

**جواب:**

- وسائل کی کمی (خوراک، پانی، بجلی)
- صحت و تعلیم پر دباؤ
- بے روزگاری اور غربت
- ماحولیاتی آلودگی
- رہائش اور ٹریفک کے مسائل

StudyNotes360.com

**23. آبادی پر قابو پانے کے لیے عوام کا کردار کیوں ضروری ہے؟**

**جواب:**

- عوام کی شعور بیداری ہی اصل حل ہے
- فیملی پلاننگ پر عمل
- تعلیم خاص طور پر خواتین کی تعلیم
- چھوٹے خاندان کے فوائد کو سمجھنا
- مذہبی و معاشرتی رکاوٹوں کا سدِباب

**24. پاکستان کے تعلیمی ڈھانچے کے کتنے مراحل ہیں؟**

**جواب:**

**پاکستان میں تعلیمی نظام کے درج ذیل 5 مراحل ہیں:**

1. پری پرائمری (نانہہ جماعت)

2. ایلیمنٹری (پرائمری تا مڈل)

3. سیکنڈری (میٹرک)

4. ہائر سیکنڈری (انٹرمیڈیٹ)

5. اعلیٰ تعلیم (گریجویشن و آگے)

**25. ایلیمنٹری تعلیم کن جماعتوں تک ہوتی ہے؟**

**جواب:**

ایلیمنٹری تعلیم پہلی جماعت سے آٹھویں جماعت تک ہوتی ہے۔ اس میں پرائمری اور مڈل تعلیم شامل ہوتی ہے۔

**26. ناقص امتحانی نظام سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

**اس سے مراد ایسا نظام ہے:**

- جو صرف رٹا لگانے پر زور دیتا ہے
- طلباء کی صلاحیتوں کا صحیح اندازہ نہیں لگا پاتا
- نقل کو روکتا نہیں
- میرٹ کو نظر انداز کرتا ہے

**27. تعلیم کے شعبے میں بجٹ میں اضافہ کیوں ضروری ہے؟**

**جواب:**

- سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں کی بہتری کے لیے
- اساتذہ کی تنخواہیں اور تربیت
- نصابی و ہم نصابی سرگرمیاں

StudyNotes360.com

- تحقیق اور فنی تعلیم کے فروغ کے لیے

**28. ہمارے نصاب میں فنی اور تکنیکی مضامین کی کمی کے کیا اثرات ہیں؟**

**جواب:**

- نوجوانوں میں عملی مہارت کی کمی
- ملازمت کے مواقع محدود
- ملک میں صنعتی ترقی سست
- غیر ملکی ملازمتوں کے لیے نااہلی

**29. ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت کیا ہے؟**

**جواب:**

- طلباء کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی تربیت
- اعتماد، قیادت اور تعاون کی صلاحیت بڑھتی ہے
- نصابی تعلیم میں دلچسپی پیدا ہوتی ہے
- صحت مند مقابلے کی فضا پیدا ہوتی ہے

StudyNotes360.com

**30. مضامین کے غیر موزوں چناؤ کا طالب علم کی ذہنی صحت پر کیا اثر ہوتا ہے؟**

**جواب:**

- ذہنی دباؤ اور مایوسی
- تعلیمی کارکردگی میں کمی
- مستقبل کے کیریئر پر منفی اثر
- خود اعتمادی میں کمی

**31. سیاحت سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:**

سیاحت سے مراد تفریح، سیکھنے یا مذہبی مقامات کی زیارت کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ کا سفر کرنا ہے۔

**32. سیاحت ملکی ترقی میں کیا کردار ادا کرتی ہے؟**

**جواب:**

سیاحت ملکی معیشت کو مضبوط بناتی ہے، روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہے اور ملکی ثقافت کو دنیا بھر میں متعارف کرواتی ہے۔

**33. پاکستان میں قدرتی مناظر سے بھرپور کون سے سیاحتی مقامات ہیں؟**

**جواب:**

وادی ہنزہ، سوات، کاغان، نتھیا گلی، مری، زیارت، گوادر اور کراچی کے ساحلی علاقے قدرتی مناظر سے بھرپور سیاحتی مقامات ہیں۔

**34. پاکستان کے مذہبی سیاحتی مقامات میں کون سے مقامات شامل ہیں؟**

**جواب:**

بادشاہی مسجد لاہور، شاہجہاں مسجد ٹھٹھہ، کٹاس راج، ننکانہ صاحب، کرتارپور صاحب اور ٹلہ جوگیاں مذہبی مقامات ہیں۔

**35. سیاحت کے حوالے سے پاکستان کے چند اہم تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔**

**جواب:**

شاہی قلعہ لاہور، موہنجو دڑو، ہڑپہ، قلعہ روہتاس، رانی کوٹ قلعہ اور قلعہ شاردہ اہم تاریخی سیاحتی مقامات ہیں۔

**36. پاکستان میں بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد کم ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟**

**جواب:**

امن و امان کی صورتحال، سیاحتی مقامات کی کم تشہیر اور بنیادی سہولیات کی کمی۔

**37. حکومت پاکستان نے سیاحت کے فروغ کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں؟**

StudyNotes360.com

**جواب:**

ویزا پالیسی میں آسانی، مختلف ممالک سے معاہدے، اور نئے سیاحتی مقامات کی ترقی کے اقدامات کیے گئے ہیں۔

**38. پاکستانی عوام کی سیاحت کے فروغ کے لیے کیا ذمہ داریاں ہیں؟**

**جواب:**

سیاحتی مقامات کو صاف رکھنا، قوانین کی پابندی، سہولیات کا خیال رکھنا اور مثبت رویہ اپنانا۔

**39. بین المذاہب ہم آہنگی کیوں ضروری ہے؟**

**جواب:**

یہ معاشرے میں امن، برداشت اور رواداری کو فروغ دیتی ہے اور دہشت گردی و انتہا پسندی کا خاتمہ کرتی ہے۔

**40. میثاق مدینہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟**

**جواب:**

یہ معاہدہ مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان امن، ہم آہنگی اور مذہبی آزادی کی روشن مثال ہے۔

**41. پنجابی زبان کا ارتقاء کن زبانوں سے ہوا؟**

**جواب:**

پنجابی زبان کا ارتقا پنجاب کی قدیم دراوڑی تہذیب سے ہوا۔ بعد میں اس پر فارسی، عربی اور سنسکرت زبانوں کے اثرات بھی پڑے، جس نے اسے ایک ترقی یافتہ زبان بنا دیا۔

**42. پنجابی زبان کے کون سے لہجے زیادہ مشہور ہیں؟**

**جواب:**

پنجابی زبان کے کئی لہجے ہیں، جن میں ماجھی (مرکزی پنجاب)، پوٹھواری (راولپنڈی، جہلم)، ملتانی (جنوبی پنجاب)، شاہ پوری، دھنی اور چھاچھی زیادہ مشہور ہیں۔

**43. پنجابی زبان کے پہلے شاعر کون تھے؟**

**جواب:**

پنجابی زبان کے پہلے معروف صوفی شاعر حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ تھے۔ اُن کے اشعار نے پنجابی شاعری کی بنیاد رکھی اور صوفیانہ رنگ میں اسے پروان چڑھایا۔

**44. سندھی زبان کا سب سے معیاری لہجہ کون سا ہے؟**

**جواب:**

سندھی زبان کا سب سے معیاری اور ادبی لہجہ وچولی (مرکزی سندھ) کہلاتا ہے، جو اسکولوں، کتابوں اور سرکاری سطح پر استعمال ہوتا ہے۔

**45. قرآن پاک کا سندھی زبان میں سب سے پہلا ترجمہ کس نے کیا؟**

**جواب:**

قرآن پاک کا سب سے پہلا سندھی ترجمہ اکبر شاہ عباسی نے کیا۔ یہ ترجمہ سندھی مسلمانوں کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔

**46. سرائیکی زبان کو علیحدہ زبان کیوں سمجھا جاتا ہے؟**

**جواب:**

سرائیکی زبان اپنے الگ لہجے، الفاظ، محاوروں اور تلفظ کی وجہ سے پنجابی سے مختلف سمجھی جاتی ہے، اسی لیے اسے ایک علیحدہ زبان تسلیم کیا جاتا ہے۔

**47. پشتو زبان کے مشہور لہجے کون سے ہیں؟**

**جواب:**

StudyNotes360.com

پشتو زبان کے مشہور لہجے قندھاری (جنوبی) اور یوسفزئی (شمالی) ہیں۔ ان دونوں لہجوں میں ادبی مواد بھی ملتا ہے۔

**48. بلوچی زبان کا معیاری لہجہ کون سا ہے؟**

**جواب:**

بلوچی زبان کا معیاری اور ادبی لہجہ مکرانی ہے، جو بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں زیادہ بولا جاتا ہے۔

**49. پشتو زبان کے پہلے شاعر کون تھے؟**

**جواب:**

پشتو زبان کے پہلے شاعر امیر کروڑہ خان کو مانا جاتا ہے، جو نویں صدی عیسوی کے مشہور شاعر تھے۔

**50. علاقائی زبانوں کو قومی زبان کے برابر اہمیت دینا کیوں ضروری ہے؟**

**جواب:**

علاقائی زبانیں ہماری ثقافت اور تہذیب کا اہم حصہ ہیں۔ ان کو قومی زبان کے برابر اہمیت دینے سے عوامی شعور، ادب، تعلیم اور قومی یگانگت کو فروغ ملتا ہے۔

**51. غربت کی عام فہم تعریف کیا ہے؟**

**جواب:**

غربت ایسی حالت کو کہتے ہیں جب کسی فرد یا کمیونٹی کے پاس اتنے وسائل نہ ہوں کہ وہ بنیادی ضروریاتِ زندگی پوری کر سکیں۔

**52. پاکستان پلاننگ کمیشن غربت کی بنیاد کس چیز پر رکھتا ہے؟**

**جواب:**

پاکستان پلاننگ کمیشن کے مطابق، غربت کی حد وہ ہے جب کسی فرد کو روزانہ کم از کم 2350 کیلوریز توانائی نہ ملے۔

**53. پاکستان میں شہری اور دیہی علاقوں میں غربت کی شرح میں کیا فرق ہے؟**

**جواب:**

شہری علاقوں میں غربت کی شرح نسبتاً کم ہے کیونکہ وہاں روزگار کے مواقع زیادہ ہیں، جبکہ دیہی علاقوں میں غربت زیادہ ہے۔

**54. پاکستان میں غربت کے دو بڑے اسباب تحریر کریں۔**

**جواب:**

- (i) تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی
- (ii) معاشی ترقی کی سست رفتاری

**55. توانائی کے بحران کا غربت پر کیا اثر ہوتا ہے؟**

**جواب:**

توانائی کے بحران سے صنعتیں متاثر ہوتی ہیں، روزگار کے مواقع کم ہوتے ہیں، جس سے غربت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**56. غربت کے دو اہم سماجی اثرات تحریر کریں۔**

**جواب:**

- (i) مایوسی اور بدامنی میں اضافہ
- (ii) تعلیم اور شرح خواندگی میں کمی

**57. غربت پاکستان کی عالمی ساکھ کو کیسے متاثر کرتی ہے؟**

**جواب:**

StudyNotes360.com

غربت کی وجہ سے پاکستان کی عالمی ساکھ متاثر ہوتی ہے کیونکہ سرمایہ کاری کم ہوتی ہے اور ترقی کی رفتار سست پڑتی ہے۔

**58. حکومت نے غربت میں کمی کے لیے روزگار کے کون سے منصوبے شروع کیے؟**

**جواب:**

حکومت نے پیلی ٹیکسی، رکشا، ٹریکٹر اسکیمیں اور نوجوانوں کے لیے قرض اسکیمیں شروع کیں۔

**59. بیت المال اور زکوٰۃ فنڈ کا غربت میں کمی میں کیا کردار ہے؟**

**جواب:**

یہ ادارے مستحق افراد اور خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ بنیادی ضروریات پوری کر سکیں۔

**60. تعلیم کے فروغ کے لیے حکومت نے کیا اقدامات کیے؟**

**جواب:**

حکومت نے مستحق طلبہ کو وظائف، مفت کتابیں اور ماہانہ امداد فراہم کرنے جیسے اقدامات کیے ہیں۔

StudyNotes360.com

## مشقی تفصیلی سوالات:

**🌟 سوال نمبر 1: پاکستان میں شعبہ تعلیم کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تجاویز دیں۔**

**❖ جواب:**

پاکستان میں تعلیم کا شعبہ کئی مسائل کا شکار ہے جو ملک کی ترقی کو متاثر کر رہے ہیں۔ ان مسائل میں تعلیمی اداروں کی کمی، اساتذہ کی کمی، غیر معیاری نصاب، مالی وسائل کی کمی، خاص طور پر دیہی علاقوں میں تعلیم کی سہولیات کا فقدان، اور لڑکیوں کی تعلیم کو کم ترجیح دینا شامل ہیں۔

**✦ مسائل کے حل کے لیے تجاویز:**

**1. تعلیمی بجٹ میں اضافہ:** حکومت کو تعلیم کے شعبے کے لیے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کرنا چاہیے تاکہ اسکولوں کی تعمیر، اساتذہ کی تنخواہیں اور تعلیمی مواد کی فراہمی بہتر ہو سکے۔

**2. اساتذہ کی تربیت:** اساتذہ کی قابلیت بڑھانے کے لیے مستقل تربیتی ورکشاپس اور کورسز منعقد کیے جائیں تاکہ وہ جدید تدریسی طریقے اپنا سکیں۔

**3. دیہی علاقوں میں تعلیمی اداروں کی تعداد بڑھانا:** دیہی اور دور دراز علاقوں میں مزید سکول، کالجز اور یونیورسٹیاں قائم کی جائیں تاکہ تعلیم کا دائرہ وسیع ہو۔

**4. لڑکیوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ:** لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے اسکالرشپس، مفت کتابیں اور تعلیمی مواد فراہم کیا جائے تاکہ صنفی مساوات قائم ہو۔

**5. نصاب کی بہتری:** نصاب کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، جس میں سائنس، ٹیکنالوجی، اور معاشرتی علوم کو بہتر انداز میں شامل کیا جائے۔

**6. ٹیکنالوجی کا استعمال:** آن لائن تعلیم اور ای لرننگ پلیٹ فارمز کو فروغ دیا جائے تاکہ دور دراز علاقوں کے بچے بھی معیاری تعلیم حاصل کر سکیں۔

**7. عوامی آگاہی:** والدین اور معاشرے کو تعلیم کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے تاکہ بچے تعلیمی اداروں میں داخل ہوں اور تعلیم جاری رکھیں۔

**🌟 سوال نمبر 2: علاقائی ثقافت میں مماثلت قومی یک جہتی کا ذریعہ ہے، وضاحت کریں۔**

**❖ جواب:**

پاکستان ایک کثیر الثقافتی ملک ہے جہاں مختلف قومیتیں، زبانیں اور ثقافتیں موجود ہیں۔ تاہم، ان تمام ثقافتوں میں کچھ مشترکہ خصوصیات اور رسم و رواج پائے جاتے ہیں جو ملک کی قومی یک جہتی کو مضبوط کرتے ہیں۔

**✦ مماثلت کی اہم وجوہات:**

**مشترکہ روایات اور تہوار:** چاہے پنجاب ہو یا سندھ، بلوچستان یا خیبرپختونخوا، شادی بیاہ، عید، محرم اور دیگر مذہبی اور ثقافتی تہوار سب جگہ منائے جاتے ہیں، جو لوگوں کے دلوں کو قریب لاتے ہیں۔

StudyNotes360.com

**زبانوں میں اشتراک:** مختلف زبانوں میں مشترکہ الفاظ اور محاورے عام ہیں، جو ایک دوسرے کے درمیان بات چیت کو آسان بناتے ہیں۔

**مشترکہ تاریخ:** سب قومیتیں پاکستان کی آزادی کی جدوجہد اور تاریخ میں شریک رہی ہیں، جس کا مشترکہ احساس انہیں متحد رکھتا ہے۔

**مذہبی عقائد:** اکثریتی مسلمان ہونے کی وجہ سے مشترکہ مذہبی اقدار اور عبادات قومی ہم آہنگی کا باعث بنتی ہیں۔

➤ یہ مشترکات نہ صرف ثقافتوں کو قریب لاتے ہیں بلکہ نوجوان نسل میں بھی وطن سے محبت اور ایک دوسرے کے احترام کا جذبہ پیدا کرتے ہیں، جو قومی اتحاد کا مظہر ہے۔

🌟 **سوال نمبر 3: پاکستانی معاشرے کی اہم خصوصیات بیان کریں۔**

❖ **جواب:**

پاکستانی معاشرہ اپنی پیچیدگی اور تنوع کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یہاں مختلف قومیں، زبانیں، اور ثقافتیں موجود ہیں، مگر چند بنیادی خصوصیات مشترک ہیں:

**1. کثیر الثقافتی معاشرہ:** پاکستان میں پنجابی، سندھی، پشتون، بلوچ، اور دیگر قومیتیں پائی جاتی ہیں جن کی اپنی زبان اور ثقافت ہے۔

**2. مذہبی ہم آہنگی:** پاکستان میں مختلف مذہب کے لوگ بس رہے ہیں، جنہیں آئینی طور پر برابر کے حقوق حاصل ہیں اور مذہبی آزادی دی گئی ہے۔

**3. خاندانی نظام:** خاندانی نظام مضبوط ہے جہاں خاندان کا کردار فرد کی زندگی میں بہت اہم ہوتا ہے، اور اکثر فیصلے خاندان کی مشاورت سے ہوتے ہیں۔

**4. مہمان نوازی:** پاکستانی معاشرہ اپنی مہمان نوازی کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے، جہاں مہمان کو عزت دی جاتی ہے۔

**5. دیہی اور شہری فرق:** پاکستان میں دیہی علاقوں میں زیادہ تر لوگ زراعت سے وابستہ ہیں، جبکہ شہری علاقے صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔

StudyNotes360.com

**6. تعلیم اور روایات کا امتزاج:** جدید تعلیم کے ساتھ ساتھ قدیم روایات اور رسم و رواج بھی برقرار ہیں، جو معاشرتی ہم آہنگی میں مددگار ہیں۔

**🌟 سوال نمبر 4: پاکستان کی قومی اور دو علاقائی زبانوں کی تفصیل کریں۔**

**❖ جواب:**

پاکستان میں زبانوں کا تنوع بہت وسیع ہے، مگر چند زبانیں خاص اہمیت کی حامل ہیں۔

**🖋 قومی زبان:**

اردو پاکستان کی قومی زبان ہے، جو ملک کے تمام صوبوں اور قومیتوں کے درمیان رابطے کی زبان کا کام کرتی ہے۔ اردو نہ صرف سرکاری زبان ہے بلکہ ادب، تعلیم، میڈیا، اور روزمرہ زندگی میں بھی وسیع پیمانے پر استعمال ہوتی ہے۔ اردو زبان کا ادبی ورثہ بہت بھرپور ہے اور یہ زبان ملک کے لوگوں کو متحد کرتی ہے۔

**✦ دو علاقائی زبانیں:**

**1. پنجابی:** پنجاب صوبے کی سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان ہے۔ پنجابی بولنے والے پاکستان کی سب سے بڑی قومیت ہیں۔ پنجابی زبان میں ادب اور ثقافت کی بھی بہت ترقی ہوئی ہے۔

**2. پشتو:** خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ پشتون قبائل کی مادری زبان ہے اور اس کا ادب اور ثقافت بھی بہت قدیم ہے۔

**دیگر علاقائی زبانیں:** سندھی، بلوچی، سرائیکی اور دیگر زبانیں بھی پاکستان کے مختلف حصوں میں بولی جاتی ہیں جو ملک کی ثقافتی رنگینی کا حصہ ہیں۔

**🌟 سوال نمبر 5: پاکستان میں سیاحت کی اہمیت بیان کریں۔**

**❖ جواب:**

پاکستان میں سیاحت ایک اہم شعبہ ہے جو ملکی معیشت اور ثقافت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ پاکستان کی خوبصورتی، تاریخی مقامات اور متنوع ثقافت سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔

StudyNotes360.com

### ✦ سیاحت کی اہمیت:

**1. معاشی ترقی:** سیاحت سے ملک میں سرمایہ کاری آتی ہے، جس سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور ملک کی معیشت مضبوط ہوتی ہے۔

**2. ثقافت کا فروغ:** سیاحتی مقامات پر مختلف ثقافتوں اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ملتا ہے، جس سے ملک کی ثقافتی شناخت مضبوط ہوتی ہے۔

**3. تاریخی ورثے کی حفاظت:** سیاحتی دلچسپی تاریخی مقامات کو محفوظ رکھنے اور ان کی مرمت میں مددگار ہوتی ہے۔

**4. مقامی آبادی کی ترقی:** سیاحتی صنعت مقامی لوگوں کو کاروبار اور ہنر کے مواقع فراہم کرتی ہے، جیسے کہ ہوٹلنگ، دستکاری، اور ٹور گائیڈز۔

**5. بین الاقوامی تعلقات:** سیاحت ملک کی عالمی شہرت اور تعلقات میں اضافہ کرتی ہے اور بیرون ملک مثبت تاثر قائم کرتی ہے۔

➤ پاکستان میں مری، ناران، ہنزہ، گلگت، سوات، لاہور کے تاریخی مقامات، موہنجو داڑو اور سیہون جیسے ثقافتی مقامات سیاحت کی معروف جگہیں ہیں۔

**🌟 سوال نمبر 6: صنفی بنیاد پر آبادی کی تقسیم بیان کریں۔**

### ❖ جواب:

پاکستان کی آبادی کو صنفی اعتبار سے مرد اور خواتین میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ عمومی طور پر آبادی میں مردوں کی تعداد خواتین سے قدرے زیادہ ہوتی ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں:

**جنسی تناسب:** پاکستان میں جنسی تناسب (Sex Ratio) مردوں کے حق میں تھوڑا زیادہ ہوتا ہے، یعنی تقریباً 105 سے 107 مرد ہر 100 خواتین کے مقابلے میں ہوتے ہیں۔

**خواتین کی صحت:** خواتین کی صحت کے مسائل، زچگی کے دوران اموات، اور صحت کی سہولیات کی کمی کی وجہ سے خواتین کی شرح کم ہو سکتی ہے۔

**تعلیمی اور معاشرتی عوامل:** دیہی علاقوں میں لڑکیوں کی تعلیم اور صحت پر کم توجہ دی جاتی ہے، جس کی وجہ سے صنفی عدم مساوات پیدا ہوتی ہے۔

StudyNotes360.com

**معاشرتی رویے:** بعض علاقوں میں لڑکیوں کو کم ترجیح دی جاتی ہے جس کی وجہ سے پیدائش کے وقت یا بچپن میں ان کی تعداد کم ہو جاتی ہے۔

**اہم نکتہ:** پاکستان میں صنفی تقسیم کے مسائل کو دور کرنے کے لیے خواتین کی صحت، تعلیم، اور حقوق پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ صنفی توازن قائم رہے اور خواتین کو معاشرے میں برابر کا مقام ملے۔

**🌟 سوال نمبر 7: وضاحت کریں کہ پاکستان میں شعبہ صحت کن مسائل کا شکار ہے اور ان کا حل بیان کریں۔**

## ❖ جواب:

پاکستان میں شعبہ صحت کئی مسائل کا سامنا کر رہا ہے جو ملک کی مجموعی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کو متاثر کرتے ہیں۔

### ✦ شعبہ صحت کے اہم مسائل:

**1. مناسب سہولیات کا فقدان:** دیہی اور پسماندہ علاقوں میں ہسپتال، کلینک، اور صحت کی بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

**2. ماہر ڈاکٹروں اور عملے کی کمی:** ماہر طبی عملہ کم ہے، اور اکثر ڈاکٹروں کی تعیناتی بڑے شہروں تک محدود ہے۔

**3. مالی وسائل کی کمی:** صحت کے شعبے کو مناسب بجٹ نہیں دیا جاتا جس کی وجہ سے سہولیات بہتر نہیں ہو پاتیں۔

**4. بیماریوں کا پھیلاؤ:** صفائی اور صحت کے بنیادی اصولوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے بیماریوں کی شرح زیادہ ہے، جیسے کہ واٹر بورن بیماریاں۔

**5. عوامی آگاہی کی کمی:** لوگوں میں صحت کی اہمیت اور بیماریوں سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی کم ہے۔

**6. دواؤں کی فراہمی:** ضروری اور معیاری ادویات کی کمی اور مہنگائی کی وجہ سے علاج مشکل ہو جاتا ہے۔

StudyNotes360.com

### ✦ حل کے لیے تجاویز:

**صحت کا بجٹ بڑھانا:** حکومت کو صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانی چاہیے تاکہ ہسپتالوں کی تعداد اور معیار بہتر ہو۔

**دیہی علاقوں میں سہولیات:** دیہی علاقوں میں موبائل کلینک، صحت کے مراکز اور ہسپتال قائم کیے جائیں۔

**ماہر عملے کی تربیت:** ڈاکٹروں اور طبی عملے کی تربیت اور تقرری کو یقینی بنایا جائے۔

**عوامی شعور:** صحت عامہ کی آگاہی مہمات چلائی جائیں تاکہ صفائی، ویکسینیشن اور بیماریوں سے بچاؤ کو فروغ دیا جا سکے۔

**صفائی ستھرائی کے اقدامات:** پانی اور صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ واٹر بورن بیماریاں کم ہوں۔

**دواؤں کی فراہمی:** معیاری اور سستی دوائیں عام کی جائیں، اور جعلی ادویات کی روک تھام کی جائے۔

**🌟 سوال نمبر 8: قومی تعمیر میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔**

## ❖ جواب:

پاکستان ایک کثیر الثقافتی اور کثیرالمذہبی ملک ہے جہاں اقلیتوں کا ایک اہم حصہ آباد ہے۔ اقلیتوں نے پاکستان کی قومی تعمیر میں مثبت اور نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

### ✦ اقلیتوں کے کردار:

**معاشی خدمات:** اقلیتوں نے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کیا ہے، خاص طور پر کاروبار، صنعت، اور تجارت میں۔

**علمی و ثقافتی خدمات:** اقلیتوں نے تعلیم، طب، فنون، اور ادب کے شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔

StudyNotes360.com

**سماجی ہم آہنگی:** اقلیتیں پاکستان میں امن، محبت اور رواداری کے فروغ میں مددگار رہی ہیں، جو قومی اتحاد کی بنیاد ہے۔

**سیاسی شرکت:** اقلیتوں کو پارلیمنٹ اور مختلف سرکاری اداروں میں نمائندگی دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنے حقوق کا تحفظ کر سکیں۔

**قومی دفاع:** اقلیتوں کے جوان بھی پاکستان کی مسلح افواج میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

➤ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کی شمولیت سے پاکستان کی مضبوطی اور ترقی میں مدد ملتی ہے، اور یہ قومی یکجہتی کی علامت ہے۔

🌟 **سوال نمبر 9: پاکستانی ثقافت کی نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔**

❖ **جواب:**

پاکستانی ثقافت ایک رنگا رنگ امتزاج ہے جو مختلف قومیتوں، زبانوں، اور روایات کا مجموعہ ہے۔ اس کی چند نمایاں خصوصیات درج ذیل ہیں:

1. **کثیر الثقافتی رنگ:** پاکستان میں پنجابی، سندھی، پشتون، بلوچی، اور دیگر ثقافتیں مل کر ایک مکمل ثقافتی امتزاج بناتی ہیں۔

2. **مہمان نوازی:** پاکستانی ثقافت میں مہمان نوازی کو بہت اہمیت دی جاتی ہے، اور مہمانوں کی عزت و احترام کی جاتی ہے۔

3. **روایات اور تہوار:** ثقافت میں شادی بیاہ کے رسومات، عیدین، میلاد، اور دیگر تہواروں کو بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔

4. **لباس اور کھانے:** ہر علاقہ کا مخصوص لباس اور کھانا ہوتا ہے، جیسے کہ پنجابی ٹرڈیشنل ڈریس، سندھی اجرک، اور بلوچی روایتی لباس۔ کھانوں میں بریانی، نہاری، سیخ کباب، اور مختلف ذائقے شامل ہیں۔

5. **ادب اور موسیقی:** اردو، پنجابی، سندھی، اور پشتو ادب میں غزل، نظم، اور لوک گیت بہت مشہور ہیں۔ موسیقی میں قوالی، صوفی کلام، اور لوک موسیقی نمایاں ہیں۔

StudyNotes360.com

**6. زبانوں کا تنوع:** پاکستان میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں، جو ثقافت کی گہرائی اور تنوع کو ظاہر کرتی ہیں۔

**7. خاندانی نظام:** ثقافت میں خاندانی نظام اور بزرگوں کی عزت کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔

**8. مذہبی عقائد:** اسلامی عقائد اور روایات ثقافت کی بنیاد ہیں، جو زندگی کے ہر شعبے میں نظر آتے ہیں۔

➤ یہ تمام خصوصیات پاکستانی ثقافت کو منفرد اور زندہ دل بناتی ہیں۔

## Note:

This chapter is designed to provide a solid foundation of kowledge, with the goal of deepening understanding and encouraging further exploration of the subject. The content has been carefully selected to support effective learning and inspire students to engage with the topic more deeply.

### Author: Muhammad Asghar

**Purpose**: To contribute to education by offering insightful, valuable content that enhances learning and understanding.

### Copyright & Usage Policy

© 2025 Muhammad Asghar. All rights reserved.
No part of these notes may be reproduced, redistributed, or used for commercial purposes without explicit written permission from the author. These notes are intended solely for personal study and educational use.

StudyNotes360.com